دارالافتاء

مولانا مفتی حافظ ثناء اللہ خاں مدنی
شیخ الحدیث جامعہ لاہور الاسلامیہ

ولی کی رضامندی، آٹھ تراویح کے بعد نفل پڑھنا
قربانی کے لئے صاحب نصاب ہونا اور قربانی میں اشتراک

سونے کا نصاب، صرف خالص مقدار پر

❁ **سوال:** سونے کا نصاب ۷۵ء۷ تولے سونے (۲۴ قیراط) پر ڈھائی فیصد زکوٰۃ ہے اور یہ یقیناً خالص سونے پر ہے۔ ہمارے پاس خالص سونے (۲۴ قیراط) کے زیورات ہیں اور ۲۲ قیراط، ۲۲ قیراط اور ۱۸ قیراط کے بھی ہیں۔ کیا اس میں سے خالص سونے پر زکوٰۃ ہوگی یا سارے وزن پر۔ ۲۲ قیراط میں ۲/۲۴ خالص ہوگا، ۲۰ میں ۴/۲۴ اور ۱۸ میں ۶/۲۴ خالص سونا ہوگا۔ اس طرح کل سونے کی مقدار کم ہوگی۔ کیا ہم اس خالص مقدار پر زکوٰۃ دیں گے یا سارے زیور پر؟

جواب: زکوٰۃ صرف خالص سونے پر ہے، ملاوٹ کو نصاب سے خارج کرنا ہوگا۔

حضرت علیؓ کی کتابتِ قرآن؟

❁ **سوال:** آج کل اخبار میں ایک اشتہار چھپ رہا ہے کہ حضرت علیؓ کی کتابت کی ہوئی آیات کا عکس دستیاب ہے اور پچھلے دِنوں کسی نے اس کی نقلیں ایک چھوٹی سی کتاب کی شکل میں پرویز مشرف کو بھی پیش کی ہیں جس کی تصویر چھپی ہے۔ جہاں تک میرا علم ہے اور محدث اکتوبر ۲۰۰۵ء میں بھی ہے کہ حضرت عثمانؓ نے قرآن شریف کی حتمی تدوین کے بعد تمام سورتیں جلا دی تھیں۔ پھر یہ حضرت علیؓ کی عکس کہاں سے آ گئیں؟ (فتح اللہ خاں، لاہور)

جواب: حضرت علیؓ کی کتابت شدہ آیات کا دعویٰ کرنا تو آسان ہے، لیکن فی الواقع اس کو ثابت کرنا مشکل امر ہے۔ بصورتِ اثبات ان کی کتابت مصحفِ عثمانی کے منافی نہیں، کیونکہ مصحفِ عثمانی والی آیات بھی تو حضرت علیؓ اپنے دستِ مبارک سے لکھ سکتے ہیں۔ کوئی شے اس

www.KitaboSunnat.com